صبح وشام کے اذکار

صبح وشام کے اذکار کی عادت ڈالیے تاکہ آپ کو اللہ تعالیٰ کا قرب
حاصل ہو، اُس کا فضل ورحمت آپ پر ہمیشہ سایہ فگن رہے
اور آپ مشکلات اور مصائب سے بچے رہیں۔

مرتبہ: ڈاکٹر محمد امین

صبح کے اذکار

اَصْبَحْنَا عَلٰی فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَعَلٰی كَلِمَةِ
الْاِخْلَاصِ وَعَلٰی دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا
كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

”ہم نے فطرت اسلام پر، کلمہ اخلاص پر، اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین پر اور اپنے باپ ابراہیم کی ملت پر (قائم رہتے ہوئے) صبح کی ہے جو کہ دین حنیف پر عمل پیرا مسلم تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔“

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ
نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ.

”اے اللہ! ہم نے آپ کے فضل کے ساتھ صبح کی اور شام

کی۔آپ کے فیصلے کے مطابق ہم زندہ ہیں اور فوت ہوں گے اور آپ ہی کی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔“

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا طَيِّبًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا.

”اے اللہ میں آپ سے مانگتا ہوں نافع علم، پاک رزق اور قبول کیے جانے والا عمل۔“

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ.

”میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اس کی تعریف کے ساتھ، اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی رضا کے ساتھ، اس کے عرش کی زینت کے ساتھ اور اس کے کلمات کی بلندی کے ساتھ۔“

صبح و شام کے اذکار

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ. (100 مرتبہ)

''اللہ پاک ہے اور قابل تعریف ہے۔''

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے اور وہی تعریف کے لائق ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. (7 مرتبہ)

''مجھے اللہ ہی کافی ہے، اس کے علاوہ کوئی عبادت کے

لائق نہیں، مَیں نے اس پر بھروسا کیا اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔“

بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ. (3 مرتبہ)

”اس اللہ کے نام سے (صبح وشام کرتا ہوں) جس کے نام کی برکت سے زمین وآسمان میں کوئی چیز تکلیف نہیں پہنچا سکتی۔ وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔“

رَضِیۡتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا. (3 مرتبہ)

”میں اللہ کے ربّ ہونے پر، محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے نبی ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں۔“

شام کے اذکار

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ.

”اے اللہ! ہم نے آپ کے فضل کے ساتھ شام کی اور صبح کی۔ آپ کے فیصلے کے مطابق ہم زندہ ہیں اور فوت ہوں گے اور آپ ہی کی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔“

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. ”میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے سے پناہ طلب کرتا ہوں، تمام مخلوقات کے شر سے۔“

اَللّٰهُمَّ مَآ اَمْسٰى بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ.

''اے اللہ! اس شام کے وقت مجھ پر یا آپ کی مخلوق میں سے کسی پر جو بھی انعام ہوا ہے، وہ آپ ہی کی طرف سے ہے۔ آپ اکیلے ہی معبود ہیں اور آپ کا کوئی شریک نہیں۔ آپ ہی کے لیے سب تعریف اور شکر ہے۔''

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَمْسَيْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَآئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ.

''اے اللہ! مَیں نے اس حال میں شام کی ہے کہ میں آپ کو، آپ کا عرش اٹھانے والے فرشتوں کو اور آپ کی تمام مخلوق کو گواہ بناتے ہوئے کہتا ہوں کہ آپ ہی وہ واحد معبود ہیں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم آپ کے بندے اور رسول ہیں۔''

’تدریس القرآن‘

انتہائی آسان طریقے سے ترجمۂ قرآن سیکھیں

متنِ قرآن حکیم مع ترجمہ لفظی و بامحاورہ					قرآنی لفظ	اردو استعمال
الٓمّٓ ①	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا	رَيْبَ ۛ	الْكِتٰبُ	کتاب، کُتب، کاتب
الٓمّٓ	وہ	کتاب	نہیں	شک		
الٓمّٓ یہ وہ کتاب ہے نہیں کوئی شک						

متنِ قرآن حکیم مع ترجمہ لفظی و بامحاورہ			قرآنی لفظ	اردو استعمال
فِيْهِ ۛ	هُدًى	لِّلْمُتَّقِيْنَ ②	هُدًى	ہدایت، ہادی، مہدی
اس میں	ہدایت ہے	لیے متقیوں کے	لِّلْمُتَّقِيْنَ	تقویٰ، متقی، متقین
اس میں ہدایت ہے متقیوں کے لیے				

نیز مشکل الفاظ کے معانی، مفہوم کا خلاصہ اور حاصل کردہ سبق

تفصیلات کے لیے

www.dramin.org

info@dramin.org

Prof. Dr. Muhammad Amin

Muhammad Amin

آئیں ترجمۂ قرآن سیکھیں

اگر آپ کو اس کی مزید کاپیاں درکار ہوں تو رابطہ فرمائیں